سوال

(138)مال زکوٰۃ سے روزہ افطار کرنا جائز ہے یا نہیں۔

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زکوٰۃ کے مال سے رمضان میں افطاری امیر و غریب کو مسجد میں روزانہ کھلا سکتے ہیں، یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زکوٰۃ کا مال عموماً غرباء ومساکین کے لیے ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:
اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ الاية (جلد ۴۱ نمبر ۱۸ اہل حدیث)
شرفیہ: ...یہ جواب بالکل گول بے فائدہ ہے، صاف جواب یہ ہے کہ یہ صورت جائز نہیں، زکوٰۃ صرف مستحقین کے لیے ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۶۶۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 7 ص 271

محدث فتویٰ